تھینکس گِوِنگ ڈے، ۲۰۱۲ (یوم تشکر)

- - - - - - -

منجانب صدر ریاست ہائے متحدہ امریکہ

اعلان

تھینکس گِوِنگ ڈے کے موقع پر ہر جگہ امریکی گزشتہ برس کی خوشیوں اور برکتوں کو یاد کرنے کے لیے اپنے گھر والوں اور دوستوں کے ساتھ اکٹھا ہوتے ہیں۔ خدا کی عطا کردہ رحمتوں کے شکر میں جن سے ہماری زندگیاں آراستہ ہوئیں، یہ دن ان نعمتوں کے ذکر کا دن ہے جو ہمیں نصیب ہوئیں اور ان ہمدردانہ جذبات کو یاد کرنے کا دن ہے جن کا حصہ بننے کی ہمیں توفیق حاصل ہوئی ۔ اب جبکہ بہت سے لوگ ارادہ لیے ضرورت مندوں کا ہاتھ بٹانے کو بڑھ رہے ہیں، وہ ہمدردی اور باہمی ذمہ داری نبھانے کا جذبہ بھی ہمارے سامنے آ جاتا ہے جس نےآغاز سے ہی ہمارے وطن کو ممتاز بنایا۔

تھینکس گِوِنگ کے ایسے بہت سے مواقع گزر چکے ہیں جب مشکلات و مصائب کے دنوں میں معاشرتی بھائی چارے کو اختیارکرنےکا موقع نصیب ہوا۔ چار صدیوں قبل جب پلیمتھ کالونی (Plymouth Colony) کے پلگرمز (زائرین) نے فصل کی فراغی پر جذبات تشکر پیش کیے تو انہوں نے اپنی محنت کے اس پھل میں ومپانواگ (Wampanoag) قبیلے کو بھی شامل کیا -- یہ وہ قوم تھی جس نے پچھلے مصائب سے بھرے مہینوں کے دوران اس زمین کے بارے میں انہیں نہایت اہم زرعئی معلومات پہنچائی تھیں۔ جب صدر جارج واشنگٹن نے ہماری جمہوریت کے پہلے تھینکس گِوِنگ ڈے کا انعقاد کیا تو انہوں نے ہمارے خالق سے مستقبل میں آنے والے ان مصائب کے لیے امن، اتحاد، اور(ان کی) فراغی کی دعا مانگی جن کا آنا یقینی تھا۔ اور جب ہمارا ملک تلخ جذبات اور خانہ جنگی سے بٹ چکا تھا، صدر ابراہام لنکن نے ہمیں یاد کرایا کہ ہم دل سے ایک ہی قوم ہیں جو بحیثت امریکی ایک ایسے رشتے میں بندھی ہوئی ہے جو لچک دار ضرور ہے لیکن جسے توڑا نہیں جا سکتا۔ جس متحدہ ریاست کو قائم رکھنے کے لیے ہمارے بزرگوں نے لڑائی لڑی، چاہے ہمارے اس ملک کی ترقی و تعمیر میں نیٹیو (آبائی) امریکیوں کی نسل در نسل کی شمولیت ہو یا وہ خدائی قدرت ہو جو ہمارے خاندانوں کو اس موقع پر اکٹھا کر دیتی ہے، یکجہتی کے اس اظہار کی گونج آج بھی قائم ہے۔

اپنے قابل فخر ماضی پر نظر ڈالنے کے ساتھ ہی، آئیے ان کو بھی اظہار تشکر پیش کریں جو اس اثاثے کے لیے اپنی خدمات پیش کر کے اسے عزت بخشتے ہیں۔ اس تھینکس گِوِنگ ڈے پر ہمارے ہزاروں باوردی مرد اور خواتین اپنے پیاروں اور اپنے گھر کے آرام سے بہت دور کسی دسترخوان پر جمع ہوں گے۔ ہم ان کی خدمات اور ان کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ ہم ان امریکیوں کی بھی قدر کرتے ہیں جو اپنی کمیونٹیوں کی خدمت میں کمر بستہ ہیں اور ان کے ہمسائیوں کو کھانے کے لیے گرم خوراک اور رہنے کے لیے ٹھکانہ میسر ہونے کو یقینی بنا رہے ہیں ۔ ان کا یہ عمل ہمارے اس نسل در نسل ایمان کا حصہ ہے کہ ہم اپنے بھائیوں اور بہنوں کے رکھوالے ہیں، اور ان کی یہ خدمات ایک بار پھر اس سچائی کی تصدیق کرتی ہیں کہ ہم ایک ایسی قوم ہیں جس کی مضبوطی کا سب سے بڑا سبب، طاقت یا دولت نہیں، بلکہ ایک دوسرے کے ساتھ قائم رشتہ ہے ۔

خاندان، کمیونٹی، اور وطن کی نعمتوں کے شکر میں تھینکس گِوِنگ ڈے پر زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے امریکی، اس خالص امریکی تہوار کو منانے کے لیے اکٹھے ہوتے ہیں۔ آئیے اس دن اس فضل پر نگاہ کرکے جو خدا نے ہم پر کیا ہے اور ان سب لوگوں کو یاد رکھتے ہوئے جن کی وجہ سے ہماری زندگیاں زیادہ پرمسرت ہیں، ہم ان کے لیے سہارا بنیں جو ہمیں پیارے ہیں۔

پس، اب، میں براک اوباما، صدر ریاست ہائے متحدہ امریکہ، اس اختیار کے تحت جو مجھے ریاست ہائے متحدہ کے آئین اور قوانین کی رو سے دیا گیا ہے، جمعرات، 22 نومبر، 2012 کو قومی دن برائے اظہار تشکر ('نیشنل ڈے آف تھینکس گِوِنگ،' National Day of Thanksgiving) قرار دیتا ہوں۔ میں ریاست ہائے متحدہ کے عوام کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ مل کر -- اپنے گھروں میں، عبادت گاہوں میں، کمیونٹی مراکز میں، یا دوستوں اور ہمسائیوں کے ساتھ مل بیٹھنے کی کسی بھی جگہ پر -- جمع ہوں اور اس سب (نعمتوں) کا شکر ادا کریں جو گزشتہ سال ہمیں حاصل ہوئیں ، ان لوگوں کو اظہار تشکر پیش کریں جن کی زندگیوں نے ہماری زندگی کو بہتر بنایا، اور جو نعمتیں ہمیں نصیب ہوئی ہیں وہ دوسروں کے ساتھ بانٹیں۔

بطور تصدیق، میں ماہ نومبر کے بائیسویں روز، سال دو ہزار بارہ کو، اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی آزادی کے دو سو سینتیسویں سال بفعل مختاری اپنے دستخط ثبت کرتا ہوں۔

براک اوباما